محکمہ اعلیٰ تعلیم ' خیبر پختونخواہ۔

سوال نمبر 5726

منجانب:- محترمہ معراج ہمایوں صاحبہ، رُکن صوبائی اسمبلی، خیبر پختونخوا،

	سوال		جواب
	کیا وزیر برائے اعلیٰ تعلیم ارشاد فرمائیں گے کہ		
(الف)	آیا یہ درست ہے کہ ڈائریکٹوریٹ آف آرکائیوز و لائبریریز کی زیر نگرانی پشاور میں کوئی انٹرنیٹ کیفے قائم ہے؟	(الف)	جی ہاں۔ یہ دُرست ہے
(ب)	اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو درست پتہ بتایا جائے۔	(ب)	ڈائریکٹوریٹ آف آرکائیوز و لائبریریز پشاور
(ج)	اس سہولت سے کتنی عوام خصوصاً خواتین مستفید ہو رہی ہیں؟	(ج)	انٹرنیٹ سیکشن سے تقریباً 320 سے 400 مرد جبکہ 80 سے 120 خواتین ماہانہ بنیاد پر مستفید ہو رہے ہیں
(د)	اس سہولت پر ماہانہ کتنا خرچہ ہوتا ہے؟	(د)	مذکورہ سیکشن کا ٹیلی فون بل اور کمپیوٹر سٹیشنری خریداری کی مد میں ماہانہ خرچہ تقریباً 6,780 روپے ہے جبکہ انٹرنیٹ سیکشن کو چلانے کے لیے، کمپیوٹرز کی خریداری، بجلی اور درکار عملہ (جو کہ ایک کمپیوٹر آپریٹر، اور نائب قاصد پر مشتمل ہے) کی تنخواہوں کی ادئیگی کا خرچہ ریگولر بجٹ سے پُورا کیا جاتا ہے